روزنامہ
ٹیلی فون نمبر: 213029
C.P.L 29

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

پیر یکم اگست 2005ء 24 جمادی الثانی 1426 ہجری یکم ظہور 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 172

جب حملہ کا خدشہ ہوتا

حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کو جب کسی دشمن کے حملے کا ڈر ہوتا تو آپ یہ دعا مانگتے۔

اللھم انا نجعلک فی نحورھم و نعوذبک من شرورھم

اے اللہ ہم تجھے ان کے سینوں میں داخل کرتے ہیں (یعنی تیرا رعب ان کے سینوں میں بھر جائے) اور ہم ان کے شر سے تیری پناہ چاہتے ہیں۔

(ابو داؤد کتاب الصلوٰۃ باب مایقول اذا خاف قوماً حدیث نمبر 1314)

جلسہ سالانہ برطانیہ 2005ء کے موقع پر معائنہ انتظامات اور

حضور انور کا ڈیوٹی والوں سے خطاب

قواعد وضوابط، حفاظتی انتظامات، صفائی اور دعاؤں کی تلقین

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے 24 جولائی 2005ء بروز اتوار جلسہ سالانہ برطانیہ کے لئے کئے گئے انتظامات کا معائنہ فرمایا۔ حضور انور کے اس معائنہ اور خطاب کی کارروائی 28 جولائی 2005ء بروز جمعرات ایم ٹی اے پر دکھائی گئی۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز پہلے اسلام آباد میں مہمانوں کی رہائش کے لئے مختص کی گئی جگہوں کا معائنہ کرنے کے لئے تشریف لے گئے اور حضور انور نے رہائش گاہوں، پارکنگ، ڈائننگ ہال اور لنگر وغیرہ کا معائنہ فرمایا۔ حضور انور نے معائنہ کے دوران مختلف مواقع پر معاونین و منتظمین سے بعض استفسار فرمائے اور ہدایات سے نوازا۔ لنگر میں روٹی پکوائی کے انتظامات کا بھی حضور انور نے جائزہ لیا۔

بعد میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ رش مور ارینا (Rushmoor Arena) تشریف لے گئے۔ یہ جگہ امسال جلسہ سالانہ برطانیہ کے لئے کرایہ پر لی گئی ہے۔ جہاں مارکیاں، پارکنگ، ایم ٹی اے اور رجسٹریشن وغیرہ کے لئے آفس بنائے گئے ہیں۔ حضور انور نے باری باری خود تشریف لے جا کر تمام جگہوں کا تفصیلی معائنہ فرمایا۔ مردانہ اور زنانہ دونوں مارکیوں کے علاوہ ایم ٹی اے کے لگائے گئے سٹوڈیوز میں بھی حضور انور تشریف لے گئے۔ اور مزید ہدایات دیں۔ رجسٹریشن آفس میں حضور انور نے کارڈ بنانے کے کمپیوٹر سسٹم کا معائنہ بھی فرمایا۔

حضور انور نے Rushmoor میں جلسہ سالانہ کے تمام افسران، منتظمین اور معاونین کو بعض اہم ہدایات پر مشتمل خطاب فرمایا۔ خطاب سے قبل حضور انور نے تمام شعبہ جات کے افسران کو مصافحہ کا شرف عطا فرمایا۔

خطاب میں حضور انور نے فرمایا آج ہم یہاں اکٹھے ہوئے ہیں تاکہ جلسہ کے انتظامات کا جائزہ لیا جائے۔ دوسرا منتظمین اور معاونین کو ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلائی جائے۔ جہاں تک توجہ دلانا ہے وہ تو دو سال سے بڑی تفصیل سے میں ہدایات دے چکا ہوں۔ اس کے مطابق کام کریں اور منتظمین اور افسران نئے آنے والوں کو سمجھا دیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ جلسہ سالانہ کے دوران ہونے والی کمیوں اور خامیوں کے لئے ہر شعبہ کا افسر یا منتظم ایک سرخ کتاب تیار کرے اور اس میں اندراج کریں۔ اگر آپ کی نظر میں کوئی خامی نہ آئے تو دوسروں سے پوچھیں۔ کیونکہ بعض بتاتے نہیں ہیں مگر مجھے لکھ دیتے ہیں۔ آپ ان سے پوچھیں گے تو وہ بتا دیں گے۔

حضور انور نے فرمایا کہ دوسری بات یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس علاقہ میں پہلی دفعہ جلسہ ہو رہا ہے۔ اس علاقہ کے قواعد وضوابط کا خیال رکھیں۔

تمام شعبہ جات کے نگران اپنے کارکنان پر نظر رکھیں۔ نظم وضبط کی ڈیوٹی دینے والے خدام بھی اس بات پر نظر رکھیں کہ کوئی شرارت نہ ہو کوئی ایسی حرکت نہ ہو کہ جس کی وجہ سے جماعت بدنام ہو۔

حضور انور نے فرمایا کہ جلسہ کے موقع پر کثرت سے مہمان آتے ہیں۔ تو ایسے مواقع پر اپنی حفاظت کی طرف بھی خاص توجہ دیں۔ عورتوں کی طرف بھی ایسے انتظامات کریں کہ ایسی کوئی حرکت نہ ہو۔ عموماً ایسے ہوتا ہے کہ ”کرے کوئی بھرے کوئی“ اس لئے آجکل کے حالات میں خاص طور پر بہت احتیاط کی ضرورت ہے۔

حضور انور نے اپنے خطاب میں صفائی کی طرف بھی توجہ دلائی۔ فرمایا کہ کارکنان آتے جاتے اگر کوئی چیز دیکھیں تو اٹھا دیں۔ خاص طور پر جلسہ کے اختتام پر جب سامان سمیٹا جائے تو اس قدر صاف کر کے جائیں کہ مالکان کو احساس ہو کہ جیسے لی ہے اس سے بہتر چھوڑ کر گئے ہیں۔ یہ بھی احسان ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ جگہ صرف اس سال کے لئے کرایہ پر لی ہے اللہ کرے کہ آئندہ سال اپنا انتظام ہو جائے۔

آخر میں حضور انور نے ان دنوں میں کثرت سے دعائیں کرنے کی طرف توجہ دلائی۔ اس کے بعد دعا کے ساتھ یہ تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔

☆☆☆☆

صد سالہ جوبلی خلافت احمدیہ

1908 تا 2008ء کے لئے دعائیں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خلافت احمدیہ کی صد سالہ جوبلی 2008ء کے استقبال کے لئے تین سال جماعت کو دعائیں کرنے، نفلی روزے رکھنے اور نوافل پڑھنے کی تحریک فرمائی ہے۔ جس کی تفصیل یہ ہے۔

☆ ہر ماہ ایک نفلی روزہ رکھا جائے۔

☆ روزانہ دو نفل ادا کئے جائیں۔

☆ سورہ فاتحہ روزانہ کم از کم سات مرتبہ پڑھیں۔

☆ ربنا افرغ علینا صبراً..........
(روزانہ کم ازکم 11 مرتبہ)

☆ ربنا لاتزغ قلوبنا ....
(روزانہ کم ازکم 33 مرتبہ)

☆ اللھم انا نجعلک..........
(روزانہ کم ازکم 11 مرتبہ)

☆ استغفراللّٰہ ربی..........
(روزانہ کم ازکم 33 مرتبہ)

☆ سبحان اللّٰہ و بحمدہ ....
(روزانہ کم ازکم 33 مرتبہ)

☆ مکمل درود شریف جو نماز میں پڑھا جاتا ہے
(روزانہ کم ازکم 33 مرتبہ)

ربوہ کے سکنی پلاٹس کے مقاطعہ

گیران کیلئے ضروری اعلان

صدر انجمن احمدیہ کی طرف سے ربوہ کے سکنی قطعات کو کمرشل استعمال میں لانے کی اجازت نہیں۔ جو مقاطعہ گیر سکنی کو کمرشل استعمال میں لائے گا اس کی لیز صدر انجمن احمدیہ کے قواعد کے مطابق منسوخ کرنے کی کارروائی عمل میں لائی جا سکتی ہے۔

(سیکرٹری کمیٹی آبادی ربوہ)

احمدی معاشرے کو بہتر سے بہتر بنانے کیلئے انفرادی اور اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے۔

دعوت الی اللہ کے سنہری گر

پر حکمت نصائح
ایمان افروز واقعات

172

مرتبہ: عبدالستار خان صاحب

مسلسل دعائیں کرتے رہنا چاہئے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:۔

لوگوں کی مختلف طبائع ہوتی ہیں ان طبائع کے مطابق ان کو نصیحت ہونی چاہئے، ان کو (دعوت الی اللہ) ہونی چاہئے۔ اگر ایسی صورت پیدا ہوجائے جہاں فتنہ پیدا ہونے کا خطرہ ہو تو دعائیں کرتے ہوئے کیونکہ اصل چیز تو دعا ہی ہے جو اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو کھینچتی ہے تو اللہ سے دعائیں کرتے ہوئے اس سے مدد مانگتے ہوئے ایسی جگہوں سے پھر بچنا چاہئے، اٹھ جانا چاہئے عارضی طور پر۔ لیکن یہ نہیں کہ ان لوگوں کے لئے دعائیں کرنی بند کر دیں بلکہ ان لوگوں کی ہدایت کے لئے مسلسل اللہ تعالیٰ سے دعائیں کرتے رہنا چاہئے۔

(الفضل 31/اگست 2004ء)

خدا پر بھروسہ

حضرت مصلح موعود نے لندن کے مربی حضرت قاضی محمد عبداللہ صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کو انگلستان روانگی سے قبل چند ہدایات دیں جن میں آپ نے فرمایا:

آپ جس کام کے لئے جاتے ہیں وہ بہت بڑا کام ہے بلکہ انسان کا کام ہی نہیں۔ خدا کا کام ہے کیونکہ دل پر قبضہ سوائے خدا کے اور کسی کا نہیں ہے۔ دلوں کی اصلاح اسی کے ہاتھ میں ہے۔ پس ہر وقت اسی پر بھروسہ رکھنا۔ اور کبھی مت خیال کرنا کہ میں بھی کچھ کر سکتا ہوں۔

دل محبت الٰہی سے پر ہو اور تکبر اور فخر پاس بھی نہ آئے جب کسی دشمن سے مقابلہ ہو اپنے آپ کو خدا تعالیٰ کے آگے گرا دیں اور دل سے اس بات کو نکال دیں کہ آپ جواب دیں گے بلکہ اس وقت یقین کریں کہ آپ کو کچھ نہیں آتا۔ اپنے سب علم کو بھلا دیں لیکن اس کے ساتھ ہی یقین کریں کہ میرے ساتھ خدا ہے۔ وہ خود آپ کو سب کچھ سکھائے گا اور دعا کریں اور ایک منٹ کے لئے بھی خیال نہ کریں کہ آپ دشمن سے زیر ہو جاویں گے بلکہ تسلی رکھیں کہ حق کی فتح ہوگی۔ اور ساتھ ہی خدا کے غنا پر بھی نظر رکھیں۔ خوب یاد رکھیں وہ جو اپنے علم پر گھمنڈ کرتا ہے وہ دین الٰہی کی خدمت کرتے وقت ذلیل کیا جاتا ہے۔ اور اس کا انجام اچھا نہیں ہوتا۔ لیکن ساتھ ہی وہ جو خدمت دین کرتے وقت دشمن کے رعب میں آتا ہے خدا تعالیٰ اس کی بھی مدد نہیں کرتا۔ نہ گھمنڈ ہو نہ فخر ہو نہ گھبراہٹ ہو نہ خوف۔ متواضع اور یقین سے پر دل کے ساتھ دشمن کا مقابلہ کریں پھر کوئی دشمن اللہ تعالیٰ کی نصرت کی وجہ سے آپ پر غالب نہ آسکے گا۔ اگر کسی ایسے سوال کے متعلق بھی آپ کا مخالف آپ سے دریافت کرے گا جو آپ کو معلوم نہیں تو خدا کے فرشتے آپ کی زبان پر حق جاری کر دیں گے۔ (۔) آپ کو علم دیا جائے گا۔

(الفضل 27 مئی 1995ء)

براہین احمدیہ کی مقناطیسی کشش

حضرت خان بہادر حافظ مولوی غلام حسن خاں صاحب نیازی کی خودنوشت سوانح عمری کا ایک ورق:۔

”میں غالباً 1854ء میں نیازی افغان گھرانے میں بمقام میانوالی پیدا ہوا۔...... میری ابتدائی تعلیم اپنے شہر کے ورنیکلر سکول میں ہوئی۔...... اثنائے تعلیم میں مجھے فقراء کے درس میں حاضر ہونے کا ہمیشہ شوق تھا۔ حتیٰ کہ خواجہ شمس الدین صاحب سیال جو حضرت سلیمان تونسوی کے خلیفہ اور چشتی طریق رکھتے تھے سے بیعت کی مگر مجھے ان رسوم سے جو ان سلسلوں میں مروج ہیں کوئی فائدہ حاصل نہ ہوا اور اہلحدیث کی صحبت میں پہنچ کر مجھ کو وہ رسوم بھی ترک کرنے پڑے۔

سررشتہ تعلیم کے سلسلہ میں مجھے پشاور کے ورنیکلر سکول کی ہیڈ ماسٹری مل گئی۔ اگرچہ میں حنفی خاندان میں پیدا ہوا اور حنفی علماء کے زیر تربیت رہا مگر پشاور آکر میرے خیال میں تغیر آیا اور یہاں مجھے اہلحدیث کی صحبت میسر آئی اور مولوی عبداللہ غزنوی ملے۔...... اگرچہ میں اہلحدیث کو نسبتاً بہتر سمجھ کر شامل ہوا تھا مگر میں نے ان میں سے کسی میں برکات کا نمونہ نہ پایا مجھ کو ہمیشہ اہل دل کی تلاش رہی۔...... میں اس حالت میں تھا کہ مجھ کو ایک اور دور میں داخل ہونا پڑا۔ حضرت مرزا غلام احمد صاحب کی براہین احمدیہ دیکھی۔ میں نے آپ کا علم بہت وسیع پایا اور یہ بھی کہ وہ کسبی نہیں وہبی ہے اور آسمانی ہے زمینی نہیں اور اس میں نور ہے۔ اس میں مجھے مصنف کے دیکھنے کا شوق پیدا ہوا اور اس امید پر کہ میری پیاس وہاں بجھے اس شوق نے مجھے 1888ء میں قادیان پہنچایا۔......آپ کی خدمت میں میں نے اپنا مدعا لکھ کر اظہار کیا کہ میرا یہ سفر دینی ترقی کے لئے ہے اور میں بیعت کرنا چاہتا ہوں مگر آپ نے میری بیعت نہ لی اور اس کو اور وقت کے لئے ملتوی کر دیا۔ سو میں بے بیعت واپس آیا۔ میں نے (پشاور سے) بیعت کا لکھ دیا۔“ (الفضل 11 دسمبر 2004ء)

مشعل راہ

بیوی بچوں کو نماز کی تلقین کریں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں۔

اپنے بیوی بچوں کو بھی نماز پڑھنے کی تلقین کیا کریں۔ نماز قائم کرنے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ انسان خود نماز پڑھتا ہے۔ اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ لوگوں کو بھی نماز پڑھنے کی تلقین کرتا ہے۔ پس آپ اپنے ماحول میں روزمرہ کا یہ اسلوب بنالیں، زندگی کا یہ دستور بنالیں کہ اپنے دوستوں کو بھی تلقین کیا کریں اور اپنے بیوی بچوں کو بھی تلقین کیا کریں۔ قرآن کریم میں حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے متعلق آتا ہے..........۔ (مریم: آیت 56) کہ وہ اپنے اہل وعیال کو نماز اور زکوٰۃ کی ادائیگی کی تاکید فرمایا کرتے تھے۔ خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد فرمایا کہ اپنے اہل کو نماز کی تلقین کیا کرو۔ فرمایا:۔.............. (طٰہٰ :133) اور اس بات پر صبر کے ساتھ قائم رہ یعنی اے رسول! اس بات سے ہرگز نہ ہٹیں۔ نماز با جماعت کے لئے کہتے چلے جائیں۔ کہتے چلے جائیں۔ آخر ایک وقت ایسا آئے گا کہ تمہاری تذکیر سے اور تمہاری نصیحت سے بے نمازیوں کے دل بھی مغلوب ہو جائیں گے۔ اگر تم ان کو کہتے چلے جاؤ گے اور نہیں تھکو گے تو وہ ضرور اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے پر مجبور ہو جائیں گے۔

پس احباب جماعت کا بھی یہ فرض ہے کہ وہ اپنی بیویوں کو، اپنے بچوں کو، اپنے ساتھیوں کو، اپنے دوستوں کو نماز با جماعت کی ہمیشہ تلقین کرتے رہیں۔ اگر یہ چیزیں آپ کریں تو پھر معاشرہ خواہ کیسا برا ہو، کیسا مخالفانہ ہو اللہ تعالیٰ کے فضل سے آپ کی نمازوں کی حفاظت ہوتی رہے گی، ویسے بھی یہ سادہ سادہ اور چھوٹی سی باتیں ہیں کوئی بڑی قربانی نہیں ہے۔ بہت معمولی بات ہے لیکن فوائد کے اعتبار سے بہت بڑی بات ہے، اس کے نتیجہ میں نماز کے ظاہر کی حفاظت بھی ہو جائے گی۔

اس کا ایک دوسرا پہلو بھی ہے اور وہ ہے اپنی نمازوں کو اللہ کے پیار سے بھرنے کا۔ جب بھی نماز ادا کیا کریں سوچ کر اور سمجھ کر نماز ادا کیا کریں۔ سورۂ فاتحہ اگر کسی کو ترجمہ کے ساتھ نہیں آتی تو ترجمہ سیکھے اور ترجمہ کے ساتھ پڑھا کرے کیونکہ یہ علم و معرفت کا ایک لامتناہی خزانہ ہے اس میں حق و حکمت پر مشتمل ایسی دعائیں ہیں جن کا فیض کبھی ختم نہیں ہوسکتا۔ اس کی بعض آیتیں ایسی ہیں جو ہر صورت حال پر اطلاق پاجاتی ہیں اور پھر کسی اور چیز کی ضرورت نہیں رہتی۔

ایک دفعہ ایک غیر از جماعت دوست نے مجھ سے یہ سوال کیا کہ جماعت احمدیہ تو اس بات کی قائل ہی نہیں ہے کہ نماز کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا کرے (اور نماز کے اندر انہوں نے سمجھا کہ عربی الفاظ کے سوا ہم کچھ بول نہیں سکتے) اس لئے آپ یہ بتائیں کہ جو لوگ نماز پڑھتے ہوں لیکن نماز کے بعد جن کو اجازت نہ ہو دعا کرنے کی تو وہ کس وقت دعا کریں اور کس طرح کریں۔ میں نے ان سے کہا اول تو یہ مسئلہ ہی غلط ہے کہ نماز میں اپنی زبان میں دعا نہیں ہوسکتی۔ ہم تو اس کے قائل نہیں ہیں لیکن اس کے علاوہ نماز خود ایک کامل دعا ہے ایک پہلو بھی ایسا نہیں ہے جس کی انسان کو ضرورت پڑ سکتی ہو اور اس کی دعا نماز میں موجود نہ ہو۔

(مشعل راہ جلد سوم ص 16)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

سیدنا حضرت مسیح موعود کے جلیل القدر رفیق

حضرت نواب محمد علی خان صاحب مالیر کوٹلہ کی قابل تقلید مالی قربانیاں

مرتبہ: محمد جاوید صاحب

احمدی طلباء کی خاطر تواضع

مکرم بھائی عبدالرحیم صاحب بیان فرماتے ہیں کہ حضرت مولوی نورالدین صاحب سے تحصیل علم کی خاطر مالیر کوٹلہ میں کئی ایک آپ کے شاگرد جمع ہوگئے تھے۔ اور وہ باقاعدہ آپ کے درس و تدریس سے قادیان کی طرح مستفیض ہوتے تھے اور سب کے قیام و طعام کا انتظام کمال شفقت سے حضرت نواب صاحب کی طرف سے تھا۔ ہم سب شاگردوں کی ہر طرح خاطر تواضع ہوتی تھی۔ اور بہترین کھانے ہمارے لئے تیار ہوتے تھے۔ ایسی مرغن غذاؤں کے عادی نہ ہونے کی وجہ سے ہماری خواہش ہوتی تھی کہ بعض اوقات دال وغیرہ ملے اور ہم بعض دفعہ باورچیوں سے کھانا تبدیل کر لیتے تھے لیکن حضرت نواب صاحب یہ پسند نہ کرتے کہ ان کے مہمان ان کی مہمان نوازی میں بہترین کھانے سے محروم رہ جائیں۔ چنانچہ انہوں نے ایسی شدید فہمائش باورچی خانہ میں کردی کہ ملازم باوجود ہماری منت سماجت کے ہم سے کھانا تبدیل کرنے سے رک گئے۔

(رفقاء احمد جلد دوم طبع دوم ص 184)

مدرسہ کی بہتری کے لئے

تجویز اور مدد

آپ کی تجویز کے مطابق ایک کونسل ٹرسٹیاں ان افراد پر مشتمل مقرر کی گئی جو مدرسہ کو کم از کم ساٹھ روپیہ سالانہ مدد دیں۔ مدرسہ کے لئے چندہ وصول کریں یا مدرسہ کی علمی مدد کریں۔ چنانچہ اس کے مطابق اکیس اشخاص کونسل ٹرسٹیاں کے ممبر ہوئے۔

29 دسمبر 1900ء کو بیت السلام قادیان میں بصدارت حضرت مولوی عبدالکریم صاحب ٹرسٹیاں کے اجلاس میں حضرت نواب صاحب کو صدر منتخب کیا گیا۔

(رفقاء احمد جلد دوم طبع دوم ص 279)

اس وقت جبکہ ساٹھ روپے سالانہ امداد دینے والے بھی معدودے چند تھے۔ اس وقت حضرت نواب صاحب نے ایک ہزار روپیہ سالانہ چندہ دینے کی پیشکش کی۔ آپ کی امداد کے بارے میں الحکم میں مرقوم ہے۔

مدرسہ تعلیم الاسلام قادیان کی امداد کے لئے عالی جناب نواب محمد علی خان صاحب رئیس مالیر کوٹلہ نے سردست ایک ہزار روپیہ سالانہ کی امداد منظور فرمائی ہے۔ جس کو وہ بارہ سو تک بڑھا دینے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ (الحکم 10 جولائی 1901ء)

یہ صرف وعدہ ہی نہیں تھا بلکہ عملاً اس کا ایفاء کرتے تھے۔ چنانچہ حضرت اقدس نے اپنے اشتہار مورخہ 16 / اکتوبر 1903ء میں نواب صاحب کے مدرسہ کے لئے اسی روپے دینے کا ذکر کیا ہے۔

(رفقاء احمد جلد دوم طبع دوم ص 283)

تالیف کتب میں اعانت

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ:۔

ایسی تالیفات کے لئے جو لاکھوں آدمیوں میں پھیلانی چاہئے بہت سے سرمایہ کی حاجت ہے اور اب صورت یہ ہے کہ اول تو ان بڑے بڑے مقاصد کے لئے کچھ بھی سرمایہ کا بندوبست نہیں اور اگر بعض پرجوش مردان دین کی ہمت اور اعانت سے کوئی کتاب تالیف ہو کر شائع ہو تو باعث کم توجہی اور غفلت زمانہ کے وہ کتاب بجز چند نسخوں کے زیادہ فروخت نہیں ہوتے اور اکثر نسخے اس کے یا تو سالہا سال صندوقوں میں بند رہتے ہیں یا للہ مفت تقسیم کئے جاتے ہیں۔

پرجوش مردان دین سے مراد اس جگہ اخویم حضرت مولوی حکیم نورالدین صاحب بھیروی ہیں جنہوں نے گویا اپنا تمام مال اسی راہ میں لٹا دیا ہے۔ اور بعد ان کے میرے دلی دوست حکیم فضل دین صاحب اور نواب محمد علی خان صاحب کوٹلہ مالیر اور درجہ بدرجہ تمام وہ مخلص دوست ہیں جو اس راہ میں فدا ہو رہے ہیں۔

(برکات الدعا۔ روحانی خزائن جلد 6 ص 35)

مدرسہ کی مالی مشکلات میں امداد

مدرسہ کا انتظام سہل امر نہ تھا۔ ہر وقت کی پریشانی اور تفکر کا موجب تھا۔ اخراجات کو پورا کرنے کے لئے احباب کو بار بار یاددہانی کرائی جاتی تھی۔ خود نواب صاحب حد درجہ فیاضی سے ہر قسم کی کمی کو ذاتی طور پر پورا کرتے تھے اور وظائف جاری کر رکھے تھے۔

حضرت مسیح موعود 16 / اکتوبر 1903ء کے اشتہار میں فرماتے ہیں:۔

اب مختصر کلام یہ ہے کہ علاوہ لنگر خانہ اور میگزین کے جو انگریزی اور اردو میں نکلتا ہے جس کے لئے اکثر دوستوں نے سرگرمی ظاہر کی ہے ایک مدرسہ بھی قادیان میں کھولا گیا ہے۔ اس سے یہ فائدہ ہے کہ نوعمر بچے ایک طرف تو تعلیم پاتے ہیں اور دوسری طرف ہمارے سلسلہ کے اصولوں سے واقفیت حاصل کرتے جاتے ہیں اس طرح پر بہت آسانی سے ایک جماعت تیار ہو جاتی ہے۔ بلکہ بسا اوقات ان کے ماں باپ بھی اس سلسلہ میں داخل ہو جاتے ہیں لیکن ان دنوں میں ہمارا یہ مدرسہ بڑی مشکلات میں پڑا ہوا ہے اور باوجودیکہ محبی عزیزی اخویم نواب اخویم محمد علی خان رئیس مالیر کوٹلہ اپنے پاس سے 80 روپیہ ماہوار دے کر اس مدرسہ کی امداد کی مگر پھر بھی استادوں کی تنخواہیں ماہ بماہ ادا نہیں ہو سکتیں۔ صدہا روپیہ قرضہ سر پر رہتا ہے۔

(رفقاء احمد جلد دوم طبع دوم ص 309)

مدرسہ کا نیا انتظام

نواب محمد علی خان صاحب نے ایک یہ تجویز پیش کی کہ جو احباب کسی عذر سے مدرسہ میں اپنے بچوں کو نہ بھیج سکتے ہوں وہ اس قدر نقد روپیہ مدرسہ تعلیم الاسلام میں دے دیا کریں۔ جو کہ ان کے اپنے بچوں کی فیس میں دینا لازم ہو سکتا ہو۔ اور وعدہ فرمایا کہ میں اپنے تینوں بچوں کی فیس مدرسہ میں داخل کر دیا کروں گا۔ چنانچہ اس دن سے حضرت نواب ممدوح مبلغ 9 روپیہ ماہوار بطور فیس مدرسہ ہذا میں داخل فرماتے رہے۔

(ایضاً ص 338)

حضرت حافظ روشن علی

صاحب کی امداد

حضرت حافظ روشن علی کو اپنے پاس ملازم رکھا ہوا تھا۔ ان کو پانچ روپے سے پچاس روپے تک ترقی دی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے حضرت نواب صاحب سے کہا کہ صرف چند بچوں کو پڑھانے کی مشغولیت سے حافظ صاحب کی قابلیت ضائع جارہی ہے۔ سلسلہ ان سے زیادہ فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ آپ انہیں سلسلہ کے سپرد کر دیں۔ نواب صاحب نے فوراً ان کا مشاہرہ پچاس سے نوے روپے کر دیا۔ تاکہ صدر انجمن آپ کو لے تو مشاہرہ نوے روپے سے شروع کرے۔

(ایضاً ص 654)

مرکزی لائبریری کو کتب دینا

مکرم مفتی محمد صادق صاحب فرماتے ہیں:۔

مرحوم علمی مذاق کے انسان تھے۔ اعلیٰ درجہ کی اخلاقی دینی کتابیں ہمیشہ منگواتے رہتے اور ان کے کتب خانہ میں رہتیں ان میں سے بہت سی کتابیں انہوں نے مرکزی لائبریری کو بھی عطا کیں۔ چنانچہ بڑی انسائیکلوپیڈیا 25 جلد والی جو اس وقت لائبریری میں موجود ہے مرحوم کی ہی عطا کردہ ہے۔ حضرت مرحوم کسی نہ کسی عالم کو ہمیشہ تنخواہ دے کر اپنے پاس رکھتے اور دینی کتب سنتے رہتے تھے۔ چنانچہ حضرت حافظ روشن علی صاحب سالہا سال مالیر کوٹلہ اور قادیان میں ان کے پاس رہے۔ (ایضاً ص 655)

حضرت پیر منظور محمد صاحب

کے لئے مکان بنوانا

حضرت نواب عبداللہ خان صاحب بیان کرتے ہیں کہ حضرت والد صاحب ہماری تعلیم و تربیت کا ہر طرح سے خیال رکھتے تھے۔ یہاں حضرت پیر منظور محمد صاحب کو کافی مشاہرہ پر رکھا۔ جنہوں نے ہمیں قاعدہ یسرنا القرآن اور بعد میں قرآن مجید ناظرہ پڑھایا۔ اسی سلسلہ میں حضرت والد صاحب نے ان کو ان کا مکان بنا کر دیا۔ (رفقاء احمد جلد دوم طبع دوم ص 663)

الحکم کی اعانت

الحکم کو سلسلہ کا سب سے پہلا اخبار ہونے کا فخر حاصل ہے۔ حضرت مسیح موعود اسے اور البدر کو سلسلہ کے دو بازو قرار دیتے تھے۔ سو الحکم کی اعانت سلسلہ کے دست و بازو کی تقویت کے مترادف تھی۔ پرچہ 26 / اپریل 1899ء سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت نواب صاحب نے اس کی ایک سو روپیہ سالانہ امداد مقرر کی تھی اور یہ وعدہ عملاً ایفاء ہوتا رہتا تھا۔ مکرم عرفانی صاحب نواب صاحب کی اعانت اور عالی ہمتی کا ذکر کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں:۔

”بعض وقت وہ خود قرض لیتے اور اہل غرض کو دے دیتے۔ میں نے مکان بنانے کا ارادہ کیا۔ حضرت نواب صاحب سے بے تکلفی تھی اور مجھ سے انہیں خاص محبت تھی۔ میں نے کہا نواب صاحب! زمین لے لی ہے۔ مکان بنانے کا ارادہ ہے۔ اس کا نقشہ بنا دیجئے۔ فرمایا نقشہ کے لئے اول یہ معلوم ہو کیا بنانا ہے۔ دوم کس قدر روپیہ خرچ کرنا ہے۔ میں نے کہا کہ دفتر کے لئے ایک بڑا کمرہ، دو چھوٹے حجرے اور رہنے کے لئے ایک کمرہ بڑا اور دو کوٹھڑیاں، باورچی خانہ اور غسل خانہ۔ اور روپیہ میرے پاس تو ہے نہیں۔ آپ نے دو سال کا چندہ الحکم کا دینا ہے۔ ایک سال کا پیشگی دے دیں۔ یہ تین سو ہوتا ہے۔ آپ ہنسے اور فرمایا کہ نقشہ بھی میں بنادوں اور بنوا بھی دوں“۔ میں نے کہا

بنوانے کے لئے تو آسانی ہے۔ آپ کا مستقل عملہ تعمیر ہے اور اب وہ تقریباً بیکار ہے بس اس رقم میں دونوں کام ہو جائیں گے۔ انہوں نے خاموشی سے اتفاق فرمایا اور سندر مستری، ہیرا مستری اور اسمٰعیل معمار کو حکم دے دیا۔ اس طرح پر الحکم کے دفتر کی تعمیر شروع ہوئی۔ مگر پھر الحکم میں تحریک سے کتابوں کی فروخت وغیرہ سے روپیہ آتا رہا اور چودہ سو میں وہ حصہ مکمل ہو گیا۔ نواب صاحب نے جب صدر انجمن کا کام لیا تو میں اسسٹنٹ سیکرٹری تھا۔ میں صدر انجمن سے کچھ نہ لیتا تھا اور کبھی نہیں لیا۔ تب نواب صاحب میری ضروریات کا لحاظ کر کے کبھی کچھ روپیہ دے دیا کرتے تھے اور اللہ تعالیٰ کے محض فضل نے میری دستگیری فرمائی۔ نواب صاحب سکندر آباد آئے۔ میں اس وقت فارغ البال تھا اور مجھے اپنے محسن کی مالی خدمت کا موقعہ ملا مگر نواب صاحب نے وہ رقم واپس کر دی۔ میں نے اس خیال سے نہ دی تھی مگر ان کی عالی ہمتی نے پسند نہ کیا۔ (رفقاء احمد جلد دوم طبع دوم ص 792)

دار الضعفاء کے لئے زمین

دار الضعفاء کے لئے حضرت نواب صاحب قبلہ نے 22 مکانوں کے لئے ایک وسیع قطعہ زمین بہشتی مقبرہ کے قریب عطا فرمایا۔

(رفقاء احمد جلد دوم طبع دوم ص 794)

اخبار الفضل کی اعانت

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

"تیسرے شخص جن کے دل میں اللہ تعالیٰ نے تحریک کی وہ مکرمی خان محمد علی خان صاحب ہیں۔ آپ نے کچھ روپیہ نقد اور کچھ زمین اس کام کے لئے دی۔ پس وہ بھی اس رو کے پیدا کرنے میں جو اللہ تعالیٰ نے "الفضل" کے ذریعہ چلائی حصہ دار ہیں۔ اور سابقون الاولون میں سے ہونے کے سبب سے اس امر کے اہل ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان سے اس قسم کے کام لے۔

(روزنامہ الفضل 4 جولائی 1924ء)

فتنہ ملکانہ کے موقعہ پر ایک ہزار روپیہ دینا

حضرت مصلح موعود نے چندہ کا اعلان کیا اور سب سے پہلے حضرت نواب کے برادر نسبتی اور ماموں زاد بھائی جنرل اوصاف علی خاں صاحب کے پانصد روپیہ کے چیک کا حضور نے اعلان فرمایا۔ دس ہزار کے وعدے لکھے گئے جن میں حضرت نواب صاحب کا وعدہ سب سے زیادہ تھا یعنی ایک ہزار روپیہ۔ علاوہ ازیں دو صد روپیہ سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ کا اور پانصد مکرم نواب خاں محمد عبداللہ خاں صاحب کا اور ایک صد روپیہ سیدہ بوزینب بیگم صاحبہ کا تھا۔ اس کے علاوہ نواب صاحب نے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے ارشاد کی تعمیل میں علاقہ ملکانہ کا دورہ کیا اور اپنے اور اپنے رفقاء کے کئی ہزار روپے کے اخراجات خود برداشت کئے۔ (رفقاء احمد جلد دوم ص 799)

تحریک جدید کی پانچ ہزاری فوج

باوجود گوناگوں مالی تفکرات کے حضرت نواب صاحب نے پہلے دس سالوں میں قریباً ساڑھے تین ہزار روپیہ ادا کیا۔ آپ کے اہل و عیال کا چندہ اس کے علاوہ تھا۔

مکرم چوہدری برکت علی خان صاحب وکیل المال تحریک جدید تحریر فرماتے ہیں:۔

"حضرت نواب صاحب مجسم قربانی تھے۔ وہ جہاں تک میں جانتا ہوں ہر قربانی میں شاندار حصہ لیتے تھے۔ اور سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے ہر ارشاد پر بانشراح صدر لبیک لبیک کہنے والے تھے۔ تحریک جدید کی قربانیوں کا جب 23 نومبر 1934ء کے دن جمعہ کے خطبہ میں حضور نے مطالبہ کیا تو نواب صاحب نے فوراً اپنا وعدہ پیش فرمایا۔ اور اس وعدہ کو ابتداء میں ہی ادا فرما دیا اور ہمیشہ اس طرح لبیک کہتے اور حتی الوسع جلد ادا فرماتے۔ (رفقاء احمد جلد دوم ص 800)

حضرت حکیم مولانا نورالدین کی مہمان نوازی

حضرت مولوی نور الدین صاحب کے وصال تک نواب صاحب کی طرف سے یہ التزام رہا کہ اعلیٰ درجہ کا کھانا دونوں وقت آپ کی خدمت میں نواب صاحب کے ہاں سے آتا رہا۔ کب شروع ہوا اس بارہ میں حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ فرماتی ہیں کہ اندازاً 1904ء کا آخر یا 07ء کا شروع ہوگا۔ کیونکہ جب میں حضرت خلیفہ اول سے پڑھا کرتی تھی تو کھانا آیا کرتا تھا۔ (رفقاء احمد جلد دوم طبع دوم ص 826)

غرباء پروری

مکرم میاں محمد عبداللہ خاں صاحب ذکر کرتے ہیں:۔

جس زمانہ میں آپ نے قادیان کی رہائش اختیار کی اس کی حالت بالکل معمولی سی تھی اور مہاجرین کی حالت بہت ہی خراب تھی۔ ان کا بیشتر حصہ دو دو تین تین روپے ماہوار پر گزارا کرتا تھا۔ حضرت نواب صاحب کا قادیان آنا ان کے لئے نعمت غیر مترقبہ ثابت ہوا۔ ہر شادی بیاہ پر بری کا جوڑا آپ کی طرف سے جاتا۔ احباب میں سے ایک کثیر تعداد کی آپ مالی اعانت کرتے رہتے تھے اور پھر اس اعانت کا ذکر کسی سے نہ کرتے تھے۔ ہمیں بھی جو کچھ پتہ لگا ہے بالعموم خطوط وغیرہ سے یا اتفاقیہ طور پر یا ان احباب کے ذکر کرنے سے معلوم ہوا ہے۔ میاں محمد عبداللہ خاں صاحب پٹھان (حال درویش) جو کچھ عرصہ ملازم رہے تھے ان کو مکان بنوانے میں امداد دی تھی۔ بہت سے نادار طلباء کی امداد کرتے رہتے تھے۔

(رفقاء احمد جلد دوم طبع دوم ص 687)

پہلا با تنخواہ مربی

صدر انجمن احمدیہ مالی حالت کی وجہ سے با تنخواہ مربی نہ رکھ سکتی تھی۔ حضرت نواب صاحب نے اپنے خرچ پر پہلا با تنخواہ مربی رکھا۔ جس کے ذاتی اخراجات کے نواب صاحب خود کفیل ہوتے تھے اور انہیں بسا اوقات پانچ پانچ چھ چھ صد روپیہ کی اکٹھی امداد کر دیا کرتے تھے۔ الحکم میں مرقوم ہے۔

خدا، عالی جناب نواب محمد علی خاں صاحب کا بھلا کرے کہ انہوں نے شیخ غلام احمد صاحب کو اس کام کے لئے مقرر فرمایا اور ان کے ذاتی اخراجات کے کفیل وہ خود ہوئے۔ (رفقاء احمد جلد دوم طبع دوم ص 726)

دوصد اکاسی روپیہ چندہ

حضرت اقدس مسیح موعود آپ کو 9 جنوری 1892ء کو تحریر فرماتے ہیں:۔

"مبلغ 281 روپیہ مرسلہ آں محبّ کل کی ڈاک میں مجھ کو مل گئے۔ جس وقت آپ کا روپیہ پہنچا ہے، مجھ کو اتفاقاً نہایت ضرورت درپیش تھی۔ موقعہ پر آنے کی وجہ سے میں جانتا ہوں کہ خداوند کریم وقادر اس خدمت للّٰہی کا آپ کو بہت اجر دے گا۔

آج مجھ کو صبح کی نماز کے وقت بہت تضرع اور ابتہال سے آپ کے لئے دعا کرنے کا وقت ملا۔ یقین ہے کہ خدائے تعالیٰ اس کو قبول کرے۔

(رفقاء احمد جلد دوم طبع دوم ص 762)

توسیع مکان میں اعانت

توسیع مکان کے تعلق میں حضرت مسیح موعود تحریر فرماتے ہیں:۔

مجی عزیزی اخویم نواب صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ

مبلغ دوسو روپے کے نصف نوٹ آج کی تاریخ میں آ گئے۔ (رفقاء احمد جلد دوم طبع دوم ص 767)

دوصد روپیہ بھیجنا

نواب صاحب نے مبلغ دو صد روپیہ حضرت مسیح موعود کی خدمت بابرکت میں ارسال کیا۔ اس بارہ میں حضور 21 جولائی 1898ء کو تحریر فرماتے ہیں کہ:۔

"عنایت نامہ معہ مبلغ دو صد روپیہ مجھ کو ملا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو ہر ایک مرض اور غم سے نجات بخشے۔"

(رفقاء احمد جلد دوم ص 772)

تین صد روپیہ بھیجا

ایک بار نواب صاحب نے تین صد روپیہ حضور اقدس کی خدمت میں ارسال کیا۔ چنانچہ حضرت مسیح موعود تحریر فرماتے ہیں:۔

"مجی اخویم نواب صاحب سلمہ تعالیٰ

آپ کا عنایت نامہ مع دوسرے خط کے جو آپ کے گھر کے لوگوں کی طرف سے تھا جس میں صحت کی نسبت لکھا ہوا تھا پہنچا، بعد پڑھنے کے دعا کی گئی اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت میں ہر بلا سے محفوظ رکھے۔ آمین ثم آمین ہم سر دست مرزا خدا بخش صاحب مبلغ تین سو روپے کے تین نوٹ بھی پہنچ گئے۔

(رفقاء احمد جلد دوم طبع دوم ص 772)

575 روپے بھیجنا

حضرت اقدس 9 نومبر 1899ء کو نواب صاحب کو تحریر فرماتے ہیں:۔

"مجی عزیزی اخویم نواب محمد علی خاں صاحب سلمہ۔

پانچ سو روپے کا نوٹ اور باقی روپیہ یعنی 75 پہنچ گئے۔ دو جو نصیبین میں برفاقت مرزا خدا بخش صاحب بھیجے جائیں گے ان کے لئے پانچ سو روپے کی ضرورت ہوگی۔

(رفقاء احمد جلد دوم طبع دوم ص 777)

منارۃ المسیح کے لئے امداد

حضرت اقدس مسیح موعود نے ایک سو دو مخلصین کے اسماء درج فرمائے ہیں کہ جن کے اخلاص سے حضور نے اس کار خیر میں کم از کم سو روپیہ دینے کی توقع ظاہر کی اور بعض دے چکے تھے۔ اس فہرست میں پہلے نمبر پر حضرت مولوی نورالدین صاحب کا اور دوسرے نمبر پر نواب محمد علی خاں صاحب رئیس مالیر کوٹلہ کا نام درج ہے۔"

(رفقاء احمد جلد دوم طبع دوم ص 782)

بمقدمۂ کرم دین، حضور کے جرمانہ کی رقم ادا کی

"بمقدمۂ کرم دین آتمارام مجسٹریٹ کی نیت نیک نہ تھی اور وہ حضرت اقدس کو سزائے قید دینے پر آمادہ تھا۔ چنانچہ 8/ اکتوبر 1904ء کو اس نے حضرت اقدس کو پانصد جرمانہ اور حضرت حکیم مولوی فضل دین صاحب کو دوصد روپیہ جرمانہ اور عدم ادائیگی کی صورت میں چھ ماہ قید کا فیصلہ سنایا اس کا منصوبہ یہ تھا کہ جرمانہ فوراً ادا نہ ہو سکے گا اور قید کی سزا دی جا سکے گی لیکن یہ سات صد روپیہ جرمانہ فوراً ادا کر دیا گیا۔ جس سے اس کا سارا منصوبہ خاک میں مل گیا۔ یہ اللہ تعالیٰ کا خاص فضل تھا کہ نواب صاحب کے دل میں یہ بات ڈالی کہ مجسٹریٹ کی نیت اچھی نہیں ہے۔ اور آپ نے احتیاطاً نو صد روپیہ ایک روز پیشتر اپنے ایک آدمی کے ہاتھ گورداسپور بھیج دیا اور یہی رقم ان جرمانوں کے ادائیگی میں کام آئی۔ (رفقاء احمد جلد دوم طبع دوم ص 786)

پانچ سو روپیہ بھیجنا

مکرم میاں محمد عبداللہ خاں صاحب بیان کرتے ہیں کہ بسا اوقات سلسلہ کے کسی کام کے لئے روپیہ درکار ہوتا تو حضرت اقدس مسیح موعود خود تحریک کر کے نواب صاحب سے روپیہ منگوا لیتے تھے۔ ایک دفعہ حضور نے حضرت اماں جان کے کنگن غالباً مالیر کوٹلہ بھیجے کہ انہیں رہن رکھ کر پانصد روپیہ بھیج دیں۔ آپ نے کنگن بھی واپس بھیج دیئے اور اپنے ملازم دائی کے بیٹے اللہ بخش کے ہاتھ پانصد روپیہ حضور کی خدمت میں بھیج دیا۔ (رفقاء احمد جلد دوم طبع دوم ص 788)

دنیا بھر میں ہونے والی جنگیں اور ان کے پس پردہ مقاصد

طاقت کے استعمال سے حکومتیں اور جغرافیے تبدیل ہوئے جس سے معاشرتی اور اقتصادی تبدیلیاں رونما ہوئیں

قسط دوم

امریکہ کے مقاصد

جب پہلی جنگ عظیم کے بعد برطانیہ، فرانس اور جرمنی جیسی سامراجی طاقتیں زوال کی طرف بڑھ رہی تھیں، تو ایسے میں امریکہ ایک نئی سامراجی طاقت کے طور پر سامنے آ رہا تھا اور اقتصادی طور پر عظیم سلطنت کے قیام کے لئے کوشاں تھا۔ اب وہ دنیا کا سب سے بڑا مینوفیکچرر، سرمایہ کار، تاجر اور بینکر بن گیا ہے۔

1917ء کے روسی انقلاب نے امریکہ کو موقع دیا کہ وہ اپنی طاقت اس نئے ابھرتے ہوئے دشمن کے سامنے کھڑی کرکے پورے یورپ کو اپنا مطیع بنالے۔ اس مقصد کو سامنے رکھتے ہوئے امریکہ نے 1920ء کے وارسائی معاہدے سے لے کر دوسری عالمی جنگ کے بعد عالمی مالیاتی اداروں کی تشکیل تک نہ صرف سوشلسٹ انقلابوں اور ریاستوں کو دبانے کا کام کیا، بلکہ ان تمام مقبوضات کو جو سامراجی شکنجوں سے نکلنے کی کوشش کر رہی تھیں، دبوچنا شروع کر دیا اور پوری کوشش کی سامراجی جال ٹوٹنے نہ پائے۔

دنیا کے بدلتے ہوئے سماجی حالات نے حکمرانی اور قبضے کے تصور کو بدل دیا ہے۔ اب دنیا پر حکمرانی کے لئے فوجوں کی تعیناتی اور اپنے وائسرائے مقرر کرنے کی بجائے خفیہ ہاتھوں کو سرگرم کیا جانے لگا۔ حکومت اور حکمراں دونوں مقامی رہے۔ مگر مفادات سامراجی ممالک کے پورے ہوتے رہے۔ اب سامراجی مقاصد کو تحفظ دینے کے لئے امریکہ نے نوآبادیاتی نظام سے چھٹکارا حاصل کرنے والے ممالک کو قرضوں اور امریکی سرمایہ کاری کے ایسے جال میں پھنسایا کہ وہ سر نہ اٹھا سکیں، ساتھ ہی ان ممالک میں فوجی تربیت اور تحفظ کے نام پر فوجی اڈے قائم کر دیئے، جن کے لئے کہا جاتا ہے کہ سامراجی مفادات کے تحفظ کے لئے فوج لازمی جزو ہے۔ آج دنیا کے 30 سے زائد ممالک میں امریکہ کے فوجی اڈے ہیں اور 15 لاکھ سے زائد فوجیں دنیا کے 120 ممالک میں تعینات ہیں۔ امریکہ کہ یہ سب کوششیں ان ممالک کی آزادی کے تحفظ کے لئے نہیں، بلکہ اپنے سرمائے کے تحفظ کے لئے ہیں۔ ان فوجی کوششوں سے اس ملک کو فائدہ ہوا۔ امریکہ کے بیورو آف لیبر کے مطابق ملٹری پروگراموں کی وجہ سے 83 لاکھ افراد کو نوکریاں ملی ہیں۔

امریکی مداخلت

20ویں صدی میں جب برطانوی اور فرانسیسی سامراج برسرپیکار رہ کر کمزور ہو رہے تھے، تو امریکہ ان کی جگہ لے رہا تھا۔ اس مقصد کے تحت امریکہ نے متعدد ممالک میں اپنی فوجیں بھیجیں۔ فلپائن میں 1898-1910ء میں بحری دستے بھیجے، جنہوں نے 60,000 فلپائنیوں کو ہلاک کیا۔ اس طرح کیوبا میں 1898-1902ء کے دوران، پاناما میں 1901-03ء، ہنڈوراس میں 1903ء، ڈومینیکن ری پبلک میں 1903-04ء، کوریا میں 1904-05ء، کیوبا میں 1906-09ء، نکاراگوا میں 1907ء، ہنڈوراس میں 1907ء، پاناما میں 1908ء، نکاراگوا میں 1910ء، ہنڈوراس میں 1911ء، چین میں 1911-14ء، کیوبا میں 1912ء، پاناما میں 1912ء، ہنڈوراس میں 1912ء، نکاراگوا میں 1912-23ء، میکسیکو میں 1913ء، ڈومینیکن ری پبلک میں 1914ء، میکسیکو میں 1914-18ء، ہیٹی میں 1914-18ء، ڈومینیکن ری پبلک میں 1916-24ء، کیوبا میں 1917-33ء، کوریا میں 1918-22ء، پاناما میں 1918-20ء، سوویت یونین میں 1918-22ء، پاناما میں 1918-20ء، ہنڈوراس میں 1919ء، گوئٹے مالا میں 1920ء، ترکی میں 1922ء، چین میں 1922-27ء، ہنڈوراس میں 1924-25ء، پاناما میں 1925ء، چین میں 1928-34ء، ایلسلواڈور میں 1932ء، کوریا میں 1951-53ء، ایران میں 1953ء، گوئٹے مالا میں 1954ء، لبنان میں 1958ء، پاناما میں 1958ء، ویت نام میں 1960-65ء۔ لاؤس میں 1960ء، کیوبا میں 1961ء، پاناما میں 1964ء، انڈونیشیا میں 1965ء، ڈومینیکن ری پبلک میں 1965-66ء، گوئٹے مالا میں 1966-67ء، کمبوڈیا میں 1969-75ء، اومان میں 1970ء، لاؤس میں 1971-73ء، چلی میں 1973ء، کمبوڈیا میں 1975ء، ایران میں 1980ء، لیبیا میں 1981ء، ایلسواڈور میں 1981ء، نکاراگوا میں 1981-90ء، ہنڈوراس میں 1982ء، لبنان میں 1982-84ء، گرینیڈا میں 1983-84ء، لیبیا میں 1986ء، بولیویا میں 1986ء، ایران میں 1987-88ء، پاناما میں 1984ء، لائبیریا میں 1990ء، عراق میں 1990ء سعودی عرب میں 1990ء، کویت میں 1991ء، افغانستان میں 2001ء اور پھر عراق میں 2003ء میں اپنی فوجیں حملے یا تعیناتی کی غرض سے بھیج چکا ہے۔

امریکہ کی جمہوریت پسندی اور امن دوستی کے دعوے اس وقت بے نقاب ہو گئے ہیں، جب 1950ء میں اس نے اپنی حلیف طاقتوں سے مل کر کوریا پر حملہ کردیا، کیوں کہ چینی انقلاب کے اثرات تیزی سے کوریا میں پھیل رہے تھے۔ چین نے اس موقع پر کوریا کی مدد کی۔ اس جنگ کے نتیجے میں کوریا دو حصوں میں تقسیم ہوگیا۔ ایک حصہ شمالی کوریا اور دوسرا جنوبی کوریا کہلایا۔ شمالی کوریا میں انقلابیوں کی حکومت بنی اور جنوبی کوریا میں امریکہ کی کٹھ پتلی حکومت وجود میں آئی۔ کوریا میں امریکہ کو سبکی کا سامنا کرنا پڑا۔ مگر ویت نام میں امریکہ کو جو عبرت ناک شکست ہوئی، اس کی مثال نہیں ملتی۔ اس شکست کے باعث امریکہ برطانیہ کے نوآبادیاتی مقبوضات پر قبضہ نہیں کرسکا۔ اسی طرح امریکہ کے پہلو میں کیوبا موجود ہے، وہاں بھی انقلاب آیا، جس سے امریکہ شدید بوکھلاہٹ کا شکار ہوا۔ کیوبا 1960ء سے آج تک تیسری دنیا کے لئے ترقی کی ایک قابل قدر مثال بنا ہوا ہے۔

تیل کے حصول کے مقصد کے تحت ہی 1980ء میں امریکہ نے عراق اور ایران کو آپس میں لڑایا، جو 8 سال تک برسرپیکار رہے اور خود کو کمزور بناتے رہے۔ 1987ء میں اس جنگ کی آڑ میں امریکہ خلیج فارس میں پہنچ گیا، جہاں اس کے دو درجن سے زائد جنگی بحری جہاز لنگر انداز ہو گئے۔ اس جنگ میں عراق کی پشت پر امریکہ تھا، جس کا اعتراف اس وقت کی برطانوی وزراعظم مسز تھیچر نے یہ کہہ کر کیا کہ سی آئی اے کے ڈائریکٹر ولیم کیسی خود اس آپریشن کی نگرانی کر رہے تھے۔

اس جنگ کے بعد امریکہ اور برطانیہ عراق کے دشمن بن گئے، کیوں کہ ان ممالک کی جانب سے عراق کو جس تعداد میں خطرناک نوعیت کا اسلحہ دیا گیا تھا، اس کے باعث وہ ایک طاقتور ملک بن گیا تھا۔ اس کی طاقت سے برطانیہ اور امریکہ کی کثیر القومی بالخصوص تیل کی کمپنیوں کو شدید خطرات لاحق ہو گئے تھے۔

امریکہ نے افغانستان میں بھی دہرا کردار ادا کیا۔ 1979ء میں روسی مداخلت کے وقت امریکہ نے روس کے خلاف مجاہدین کی بھرپور مدد کی۔ جب طویل جدوجہد کے بعد روس افغانستان سے نکل گیا، خود اس کے حصے بخرے ہو گئے اور افغانستان میں مجاہدین کی حکومت قائم ہوگئی، تو امریکہ کا کردار بدل گیا۔ اب اس نے افغانستان پر اپنے کنٹرول کے لئے مجاہدین کے خلاف محاذ بنانا شروع کر دیا اور بالآخر 11 ستمبر 2001ء کے واقعے کی آڑ میں ایک بھرپور کارروائی کرکے افغانستان سے طالبان کی حکومت ختم کردی اور اپنی پسند کی حکومت قائم کردی۔

بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزیاں

اقوام متحدہ اور اس کے ذیلی اداروں کے علاوہ مختلف معاہدوں کے تحت طے پانے والے بین الاقوامی قوانین کو بھی طاقت کے ذریعے پامال کیا جاتا رہا ہے۔ طاقت ور ممالک نے جہاں کہیں ان قوانین کو اپنے منصوبوں اور پروگراموں کے خلاف سمجھا، اسے نظر انداز کر دیا۔ تنازعہ کشمیر اور تنازعہ فلسطین اس کی بڑی مثالیں ہیں۔ اس طرح یوگوسلاویہ پر نیٹو کا حملہ اور عراق پر اتحادیوں کی کارروائی بھی یہ ثابت کر رہی ہے کہ طاقتور ممالک نے اپنے ہی بنائے ہوئے قوانین پر عمل نہیں کیا۔

تنازعہ کشمیر پر 1948ء میں استصواب رائے کی جو قرارداد اقوام متحدہ نے منظور کی تھی، آج تک اس پر عمل درآمد نہیں کرایا گیا۔ دوسری طرف اس تنازعہ کے باعث دونوں ممالک کے درمیان تین جنگیں ہو چکی ہیں اور مقبوضہ کشمیر میں 12 برسوں سے آزادی کی تحریک میں 80 ہزار سے زائد کشمیری جاں بحق ہو چکے ہیں۔ اس طرح فلسطین کا تنازع بھی دو جنگوں کا باعث بن چکا ہے اور وہاں بھی 35 برسوں سے مزاحمتی تحریک جاری ہے، جس میں ہزاروں فلسطینی جاں بحق ہو چکے ہیں۔ امریکہ اور اسرائیل کے گٹھ جوڑ کے باعث یہ مسئلہ حل ہونے کے بجائے مزید الجھتا جا رہا ہے۔ امریکہ نے اپنے مفاد کو سامنے رکھتے ہوئے 1993ء میں پی ایل او اور اسرائیل کے درمیان معاہدہ کرایا۔ کہا جاتا ہے کہ یہ معاہدہ خود اقوام متحدہ کی قراردادوں کے خلاف ہے۔ اسرائیل اس پر بھی عمل نہیں کرتا۔ 1945ء سے فلسطین میں انسانی حقوق اور اقوام متحدہ کے چارٹر کی مسلسل خلاف ورزی ہو رہی ہے مگر اسے روکنے والا کوئی نہیں ہے۔

یوگوسلاویہ پر نیٹو کا حملہ اس دور کے بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کی ایک ایسی مثال ہے، جس پر غور کرنے سے یہ ضرب المثل مزید واضح ہو کر سامنے آتی ہے کہ ”جس کی لاٹھی اس کی بھینس۔“

طاقت کا جس طرح استعمال یوگوسلاویہ اور بعد ازاں عراق میں کیا گیا، اس نے کمزور ممالک کو بہت کچھ سوچنے پر مجبور کر دیا۔ نیٹو جس میں امریکہ اور برطانیہ سمیت یورپ کے بڑے بڑے 19 ممالک شامل ہیں، کا موقف ہے کہ اس نے یوگوسلاویہ میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے باعث وہاں مداخلت کی ہے۔ ممتاز تجزیہ نگار میلوس پیٹروک نے اپنے ایک مضمون میں بین الاقوامی اور علاقائی قوانین اور کنوینشنز کی خلاف ورزیوں میں نیٹو کے اس موقف کو مسترد کرتے ہوئے لکھا کہ اس نے متعدد قوانین اور کنوینشنز کی خلاف ورزیاں کی ہیں۔ وہ لکھتا ہے کہ نیٹو کی یہ جارحیت اقوام متحدہ کے چارٹر کے آرٹیکل نمبر 2 کی خلاف ورزی ہے، جو کسی بھی ملک کے اندرونی معاملات میں مداخلت سے روکتا ہے اور صرف اس وقت سلامتی کونسل کی پیشگی منظوری سے مداخلت کی اجازت دیتا ہے، جب کوئی ایک ملک دوسرے پر حملہ کرے۔ یوگوسلاویہ نے کسی ملک پر چڑھائی نہیں کی تھی۔ یہ اس کا اندرونی معاملہ تھا اور سلامتی کونسل نے اس کارروائی کی منظوری نہیں دی تھی۔ اس طرح یہ آرٹیکل 33 کی بھی خلاف ورزی ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ طاقت کے استعمال سے پہلے بات چیت اور ثالثی کے ذریعے مسئلہ حل کرنے کی کوشش کی جائے۔ آرٹیکل 37`39`41`42`51`79 کی بھی خلاف ورزی کی گئی، جن میں کہا گیا ہے کہ مسئلہ دوطرفہ بات چیت سے حل نہ ہوا، تو اسے سلامتی کونسل میں لایا جائے اور سلامتی کونسل اس کی مجاز ہے کہ وہ یہ یقین کرے کہ کہاں کیا خلاف ورزی ہو رہی ہے اور امن کو کیا خطرہ لاحق ہے۔ اس کی بنیاد پر لائحہ عمل بشمول طاقت کے استعمال کے لئے فیصلہ کرے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے اقدامات کرے۔ مضمون نگار کے مطابق نیٹو نے خود اپنے آرٹیکل ایک اور سات کی خلاف ورزی کی، جس میں کہا گیا ہے کہ دفاعی تنظیم اور فوج کا استعمال صرف اس وقت ہو گا، جب اس کے رکن ملک پر کوئی حملہ کرے۔ جنیوا کنونشن، یونیسکو کنونشن اور دیگر معاہدوں کی بھی خلاف ورزی کی گئی۔ مضمون کے مطابق نیٹو کے حملے میں حصہ لینے والے ممالک نے خود اپنے قوانین کی بھی خلاف ورزی کی، جس میں کہا گیا ہے کہ وہ نیٹو کے حوالے سے کسی ملک میں اپنی فوج بھیجنے یا استعمال کرنے سے قبل اپنی پارلیمان میں اس مسئلے پر بحث کرائیں گے اور اس کی منظوری لیں گے، لیکن کسی ملک نے ایسا نہیں کیا۔

یوگوسلاویہ پر حملے کو درست قرار دیتے ہوئے نیٹو یہ دلیل دیتا ہے کہ اس نے یہ کارروائی 1948ء کے جینوا سائیڈ کنونشن اور دیگر انسانی اصولوں کے تحت کی ہے مگر نیٹو نے اسے نظر انداز کر دیا کہ سلامتی کونسل واحد ادارہ ہے جو کسی بھی کارروائی کا فیصلہ کرے اور اس کی منظوری دے۔

2003ء کی عراق کی جنگ میں بھی امریکہ اور اس کے اتحادیوں نے سلامتی کونسل کو نہ صرف نظر انداز کیا، بلکہ عالمی رائے عامہ اور ان ممالک کی پروا نہیں کی، جو اس بات پر زور دے رہے تھے کہ عراق پر حملے سے قبل مسئلے کو بات چیت کے ذریعے حل کرنے کی کوشش کی جائے۔ امریکہ نے سلامتی کونسل سے منظوری حاصل کرنے کی کوشش ضرور کی، مگر جب اسے یہ احساس ہوا کہ سلامتی کونسل میں اس کی قرارداد کو منظوری کے لئے مطلوبہ ووٹ نہ مل سکیں گے، تو اس نے سلامتی کونسل کو نظر انداز کر دیا، تاہم امریکہ اور برطانیہ نے اپنی پارلیمان سے سخت جدوجہد اور بحث و مباحثے کے بعد فوجی کارروائی کی منظوری حاصل کی۔

عراق پر حملے کا جواز اتحادیوں بالخصوص امریکہ نے یہ بتایا کہ اس کے پاس کیمیائی اور بڑے پیمانے پر تباہی پھیلانے والے ہتھیار ہیں، مگر عراق پر قبضے اور صدام حکومت ختم کئے جانے کے بعد سے تا حال وہ اپنے دعوے کو درست ثابت نہیں کر سکے ہیں۔ امریکی صدر جارج بش نے خود اعتراف کیا ہے کہ عراق میں ایسے ہتھیار نہیں ملے ہیں، تاہم وہ اب بھی اپنے حملے کو درست اور جائز قرار دینے پر تلے ہوئے ہیں۔ عراق پر حملے کے دوران جہاں سلامتی کونسل کو نظر انداز کیا گیا، وہاں اقوام متحدہ کے آرٹیکلز، مختلف کنونشنز اور انسانی حقوق کے چارٹر کی بھی خلاف ورزی کی گئی، جن میں ہسپتال، عبادت گاہوں، تاریخی عمارتوں کے ساتھ شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے پر زور دیا گیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق عراق میں نہ صرف بڑی تعداد میں عام شہری جاں بحق ہوئے، بلکہ وہاں ہسپتال، عبادت گاہیں اور تاریخی عمارتیں بھی راکھ کا ڈھیر بنا دی گئیں اور معصوم بچے، عورتیں اور بوڑھے بھی نشانہ بنے ہیں۔

مستقبل کے خطرات

گزشتہ ایک صدی، بالخصوص دو دہائیوں کے دوران جس طرح عالمی قوانین اور اخلاقیات کی دھجیاں اڑائی گئی ہیں اور عالمی سطح پر طاقت کے ذریعہ من مانے فیصلے مسلط کئے گئے ہیں، اس نے دنیا کے روشن مستقبل کو سوالیہ نشان بنا دیا ہے۔ اب ہر طرف سے یہ سوال کیا جا رہا ہے کہ آیا روشن مستقبل وہی ہو گا، جو طاقت ور ممالک اور قومیں چاہیں گی؟ کیا اب پھر وہی ہو گا، جو صدیوں پہلے ہوتا رہا ہے کہ حکومتیں اور ملک تاراج ہوتے رہے اور طاقت ور من مانی کرتا رہا ہے۔ آج کے روشن خیال معاشروں میں جہاں انسانیت اور انسانی حقوق کو ایمان کا درجہ دیا جاتا ہے، وہاں بھی زمانہ جاہلیت کا انداز اختیار کیا جائے گا؟ یہ سوال عراق کی حالیہ جنگ کے باعث زیادہ شدت کے ساتھ سامنے آیا ہے کہ خلیج کی پہلی جنگ پھر یوگوسلاویہ پر نیٹو کا حملہ۔ بعد ازاں 11 ستمبر کے واقعے کی آڑ میں افغانستان پر لشکر کشی اور اب کیمیائی ہتھیاروں کی تلاش کے نام پر عراق کی اینٹ سے اینٹ بجا دینے کے بعد یہ سلسلہ کہاں جا کر رکے گا؟ اس حوالے سے خوف اور دہشت کی ایک نئی لہر مختلف ممالک میں پیدا ہو گئی ہے۔ امریکہ کی جانب سے شام، ایران اور جنوبی کوریا کو کھلے عام دھمکیاں مل رہی ہیں۔ ان ممالک پر خوف طاری ہے جو کسی نہ کسی طرح امریکہ کے نیو ورلڈ آرڈر کی زد میں آتے ہوں۔

کہیں کیمیائی ہتھیار بنانے یا رکھنے کا الزام، تو کہیں دہشت گردی میں ملوث ہونے یا دہشت گردوں کو پناہ دینے کا الزام، ایسا ہتھیار ہے، جو کسی بھی ملک پر لگا کر اس کے خلاف کارروائی کا جواز بنایا جا سکتا ہے۔ خلیج اور اس سے ملحقہ ریاستیں اس اعتبار سے زیادہ پریشان ہیں۔ افغانستان میں طالبان اور اسامہ بن لادن کے باعث پاکستان امریکہ کے نشانے پر رہا ہے۔ اسامہ بن لادن پاکستان میں روپوش رہنے کا الزام اور اس ضمن میں دباؤ، پاکستان پر برابر موجود ہے۔ دوسری جانب ایران اور شام پر یہ الزام ہے کہ وہ دہشت گردوں کو پناہ دے رہے ہیں، کیمیائی اور ایٹمی ہتھیار رکھتے ہیں اور صدام حسین اور ان کے ساتھیوں کو تحفظ دے رہے ہیں، لہٰذا وہ بھی قابل گردن زنی ٹھہریں گے۔ شمالی کوریا پر مہلک ہتھیار بنانے کا الزام لگا کر اس کے خلاف بھی کارروائی کا جواز ڈھونڈا جا رہا ہے۔ ترکی، سعودی عرب، اردن، متحدہ عرب امارات، کویت وغیرہ نے پہلے ہی نہ صرف اس صورت حال سے خود کو الگ رکھا ہوا ہے، بلکہ کسی حد تک ان کا جھکاؤ امریکہ کی جانب ہے۔

یہ وہ حالات ہیں، جن کے باعث مذکورہ ممالک اپنے داخلی بحران کا شکار ہیں، مگر عراق پر امریکی قبضے کے بعد ماضی کی طرح آج ایک بار پھر دنیا دو حصوں میں تقسیم ہو گئی ہے۔ یہ تقسیم ایک بڑے عالمی بحران کا پیش خیمہ ثابت ہو سکتی ہے۔ امریکہ عالمی حکمرانی کے زعم میں اور دنیا کی دولت پر قبضے کے لئے آگے بڑھتا چلا جا رہا ہے۔ آج وہ خلیج پر مکمل طور پر قابض ہے، اس کا سب سے بڑا حلیف اسرائیل عربوں کے سینے پر بیٹھ کر مونگ دل رہا ہے۔ امریکہ ایشیا میں افغانستان پر مکمل کنٹرول حاصل کرنے کے بعد پاکستان کو اپنا مطیع بنا چکا ہے۔ بھارت پر دباؤ ڈال کر علاقے میں کشیدگی ختم کرانے کے لئے کوشاں ہے، تا کہ وہ چین کی شہ رگ تک پہنچ سکے۔ دوسری جانب یورپ میں جرمنی کے اتحاد کے بعد یورپی یونین کے استحکام اور جرمنی کی قیادت میں ایک نئے سپر پاور بلاک کی تشکیل کی نوید بھی سنائی دے رہی ہے۔ خلیج کی حالیہ جنگ میں جرمنی، روس اور فرانس نے امریکہ کے خلاف سخت مؤقف اختیار کیا ہے، جس پر امریکہ کی جانب سے فرانس کو بھی دھمکیاں مل رہی ہیں۔ یہ صورت حال مستقبل قریب میں ایک ایسے عالمی بحران کو جنم دے سکتی ہے، جو پہلی اور دوسری جنگ عظیم جیسی صورت حال پیدا کر دے کہ ایک طرف امریکہ، برطانیہ اور اس کے اتحادی ہوں اور دوسری طرف جرمنی، فرانس، روس اور ان کے اتحادی ہوں اور دنیا کی دولت پر قبضے کے لئے یہ اتحاد ایک مرتبہ پھر آمنے سامنے آ کھڑے ہوں اور تیسری عالمگیر جنگ کا آغاز ہو جائے۔ (جنگ سنڈے میگزین 11 مئی 2004ء)

میر عبداللطیف صاحب

نکٹائی کی ایجاد

نکٹائی انگریزی زبان کا لفظ ہے انگریزی زبان میں Neck گردن کو اور Tie باندھنے کو کہتے ہیں اس لئے اس کو نکٹائی کہا جانے لگا۔ اور اب صرف ٹائی کا لفظ ہی اس مفہوم کو ادا کرنے کے لئے کافی سمجھا جاتا ہے۔ آپ کے ازدیاد علم کے لئے ٹائی کے بارہ میں چند ایک معلومات پیش خدمت ہیں۔ اس کا استعمال کہاں سے شروع ہوا اور کن مراحل میں سے گزر کر اس نے موجودہ شکل اختیار کی۔

بیلجیئم کے شہر Steenkerke کے لوگوں کا دعویٰ ہے کہ ٹائی کے استعمال کے شروع کرنے کا سہرا اس شہر کو حاصل ہے۔ جرمنی کے ایک اخبار Der Frankfurter Algemine کے مطابق 1962ء میں جب انگریزی فوجوں نے اس شہر میں مقیم فرانسیسی فوج پر اچانک حملہ کیا تو اس اچانک حملہ کی وجہ سے بوکھلاہٹ میں وہ اپنی وردیاں بھی ٹھیک طرح سے زیب تن نہ کر سکے اور جلدی میں انہوں نے اپنی وردی کا مفلر اپنے گلے میں باندھا اور گرہ لگا کر مفلر کا نیچے والا سرا کوٹ کے بٹن والے سوراخ سے باہر نکال دیا۔ یہ ہے ٹائی کے استعمال کے شروع ہونے کی کہانی لیکن ٹائی کی طرح کے لباس کی ایجاد ان فوجیوں کے سر ہی نہیں ہے۔

ماہرین تاریخ کے مطابق ٹائی کا استعمال اس واقعہ سے صدیوں پہلے بھی موجود تھا۔ مثلاً شہنشاہ چنگ (Cheng) کی فوج کے سپاہی اپنے عہدہ کو ظاہر کرنے کے لئے کپڑے کا مفلر گلے کے گرد لپیٹتے تھے۔ مگر شاید اس سلسلہ میں اس رومال کے سر ہے جو شاہ فرانس لوئیس چہارم کی فوج میں شامل کروشین (Coroation) فوجی استعمال کرتے تھے۔

پیرس میں فتح کی خوشی میں ہونے والی پریڈ کے وقت Croatians فوجیوں کے گلے میں بندھے ہوئے رومال کو Coroations کے نام کی مناسبت سے کراواٹے Cravate کا نام دیا اور جرمن زبان میں ٹائی کے لئے یہی لفظ کراواٹے (Krawatte) رواج پا گیا اور آج تک رائج ہے۔ اور فرانسیسی میں Cravate سے Croat کا لفظ بن گیا۔

اس کی ایجاد سے لے کر آج تک ٹائی کے فیشن اور شکل و صورت میں تبدیلیاں بدستور جاری ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ گرہ دار ٹائی کا استعمال ابتداء میں بیلجیئم کے شہر Steenkerke میں مقیم فوجیوں نے شروع کیا ہو۔ 1789ء سے 1799ء کے دوران فرانس میں ہونے والے انقلاب کی تحریک کے دوران گلے میں بندھے ہوئے رومال یا کروٹ Croat کے رنگ سے کسی شخص کے سیاسی رجحان کا پتہ چلتا تھا۔

ٹائی کی موجودہ شکل و صورت انیسویں صدی کی

(باقی صفحہ 6 پر)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 49643 میں

Muchtar Kamil S/O Abdul Djamil

پیشہ ملازمت عمر 47 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-2-6 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔ مکان 60% پارٹ مالیتی -/48.000.000 روپے۔ 2۔ رائس فیلڈ برقبہ 150 مربع میٹر مالیتی -/3000000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1900000 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Muchtar Kamil گواہ شد نمبر 1 Malik Ahmad انڈونیشیا گواہ شد نمبر 2 Silahhudin انڈونیشیا

مسل نمبر 49644 میں

Fazal Ahmad S/O Arif Dastaman

پیشہ ملازمت عمر 39 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-3-5 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔ مکان برقبہ 100 مربع میٹر مع زمین 150 مربع میٹر مالیتی -/100000000 روپے۔2۔ پلاٹ برقبہ 99 مربع میٹر مالیتی -/10000000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3500000 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Fazal Ahmad گواہ شد نمبر 1 Arif Dastaman والد موصی گواہ شد نمبر 2 Isye Nuraisya انڈونیشیا

مسل نمبر 49645 میں

Iwan Suryaman

S/O Enuh Sudarna

پیشہ ملازمت عمر 39 سال بیعت 1979ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 04-11-12 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1266000 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Iwan Suryaman گواہ شد نمبر 1 Iwas Holisotan انڈونیشیا گواہ شد نمبر 2 Ihsan Ardiansyah وصیت نمبر 31379

مسل نمبر 49646 میں

Rahman Hakim

S/O (Lete) Junaedi

پیشہ ملازمت عمر 25 سال بیعت 1994ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-3-9 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔ رائس فیلڈ 1750 مربع میٹر واقع Citeguh مالیتی -/31250000 روپے۔ 2۔ پلاٹ برقبہ 2800 مربع میٹر واقع Citeguh -/20000000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/600000 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ اور مبلغ -/700000 ہر 6 ماہ بعد آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Rahman Hakim گواہ شد نمبر 1 Ihsan Ardiansyah وصیت نمبر 31379 گواہ شد نمبر 2 Sayyid Rahman وصیت نمبر 31032

مسل نمبر 49647 میں

Oom Rohman

W/O Absor Suryana

پیشہ خانہ داری عمر 39 سال بیعت 1963ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 04-10-29 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔ مکان برقبہ -/2175 مربع میٹر مالیتی -/35000000 روپے۔ 2۔ حق مہر -/50000 روپے۔ 3۔ طلائی زیور 70 گرام -/4900000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ Oom Rohman گواہ شد نمبر 1 Absor Suryana انڈونیشیا گواہ شد نمبر 2 Ihsan Ardiansyah وصیت نمبر 31379

مسل نمبر 49648 میں

Udan Taryana S/O Uben

پیشہ ڈرائیور عمر 23 سال بیعت 2000ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 04-11-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔ پلاٹ برقبہ 140 مربع میٹر مالیتی -/1500000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/600000 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Udan Taryana گواہ شد نمبر 1 Tatang Kuswandi وصیت نمبر 33280 گواہ شد نمبر 2 Lin Solihin وصیت نمبر 33278

مسل نمبر 49649 میں

Alisah W/O M.Soleh Halim

پیشہ خانہ داری عمر 75 سال بیعت 1982ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-3-27 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔ حق مہر -/1000000 روپے۔ 2۔ طلائی زیور 6.7 گرام مالیتی -/600000 روپے۔ 3۔ 1/8 حصہ مکان خاوند مالیتی -/15000000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500000 روپے ماہوار بصورت پنشن مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ Alisah گواہ شد نمبر 1 H.Hasan Basri Ayubi گواہ شد نمبر 2 Hafiz Nurddin انڈونیشیا

مسل نمبر 49650 میں

Pupung Suci Purnamawati

W/O Octavianus Cackra Satya

پیشہ خانہ داری عمر 36 سال بیعت 1984ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-3-5 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ حق مہر بصورت طلائی زیور -/7500000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ Pupung Suci Purnamawati گواہ شد نمبر 1 H.Hasan Basri.H انڈونیشیا گواہ شد نمبر 2 H.R.Akarim انڈونیشیا

مسل نمبر 49651 میں

Hasnul Athaullah S/O M.Danil

